Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

HALAAL حلال SANHA PAKISTAN ®
الهيئة لتو ثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 02, Plot 10-C,
2nd Commercial Lane Zamzama
D.H.A., Phase-V, Karachi-Pakistan.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پاکستان میں حلال کا مروجہ عملی نظام

## (ایک تحقیقی جائزہ)

پاکستان میں حلال سرٹیفکیشن کی تاریخ بہت زیادہ پرانی نہیں لیکن الحمدللہ آج جہاں پاکستان کھڑا ہوا ہے وہ اس قابل ہے کہ حلال کی دنیا میں ایک کلیدی کردار ادا کرسکتا ہے۔

پاکستان میں پہلا حلال کا ڈرافٹ 1996 میں چند صفحات پر تیار کیا گیا تھا جس پر نظر ثانی 2010 سے باقاعدہ شروع ہوئی اور گزشتہ 7 سالوں میں دو بنیادی معیارات تیار کر کے حلال نظام میں داخل کر چکا ہے۔ پاکستان میں معیارات بنانے والا عالمی نمائندہ ادارہ پاکستان سٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (PSQCA) نام سے کام کر رہا ہے جس میں حلال کے معیارات بنانے والی ایک مستقل کمیٹی ہے جو کم و بیش 145 افراد پر مشتمل ہے جس میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ماہرین کی مکمل نمائندگی ہے۔ چونکہ حلال معیارات کی بنیاد شریعت ہے لہذا اس کمیٹی میں 8 سے 10 مفتیان کرام بھی مستقل اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اور اس کمیٹی کی جو ایک خاص بات ہے وہ یہ کہ اس کے تمام ممبران رضاکارانہ طور پر اپنا وقت دیتے ہیں تاکہ یہ عمل ان کے لئے اللہ کی رضاء کا سبب بن سکے اور یہ ہی وجہ ہے کہ ہر ممبر مکمل شخصی آزادی رکھتے ہوئے اپنی اپنی رائے پیش کرتا ہے۔ اور اس ادارے کی یہ بات قابل تعریف ہے کہ وہ کبھی کوئی بھی پالیسی اراکین پر مسلط کرنے کی کوشش نہیں کرتا بلکہ بحیثیت معاون صرف اپنا کردار نبھاتا ہے۔ بندہ بھی الحمد للہ گزشتہ 7 سال سے اس کمیٹی کا رکن ہے اور اس وقت بحیثیت وائس چیئرمین حلال سٹینڈرائیزیشن کمیٹی (NSC Halal) کی خدمات دے رہا ہے۔ اپنے تجربے کی روشنی میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ حلال کے لیے شرعاً مطلوب صلاحیتوں کے حامل افراد پر مشتمل کمیٹی شاید دنیا میں کہیں اور موجود ہو۔

### پاکستان میں مروجہ حلال کا عملی نظام دو حصوں پر مشتمل ہے:

1- مصنوعات بنانے والے ادارہ کا معیار

2- حلال تصدیقی ادارہ کا معیار

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

الهيئة لتو ثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 02, Plot 10-C,
2nd Commercial Lane Zamzama
D.H.A., Phase-V, Karachi-Pakistan.

حلال تصدیق کرنے والا ادارہ حلال مصنوعات بنانے والی کمپنی پر PS:3733 نافذ العمل کرواتا ہے اور ریاستی ادارہ PNAC حلال تصدیقات جاری کرنے والے ادارے پر PS:4992 نافذ العمل کروائے گا۔ چونکہ پاکستان میں ریاست سے پہلے پرائیویٹ سیکٹر نے اس خدمت کو سرانجام دینا شروع کر دیا تھا لہذا ریاست نے ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں کام کرنے کی اجازت دی ہوئی ہے لیکن اس نظام کے تحت ان پر نظر بھی رکھی ہوئی ہے۔ جسے اکریڈیٹیشن کے عنوان سے جانا جاتا ہے۔ یاد رہے پاکستان میں ابھی تک ایکریڈیٹیشن لازمی قرار نہیں پائی بلکہ اختیاری ہے البتہ پاکستان حلال اتھارٹی بل کی منظوری کے بعد جیسے ہی یہ نیا حلال کا ادارہ فعال ہو گا تب امکان ہے کہ ایکریڈیٹیشن لازمی قرار پائے۔

## PS:3733 کا تعارفی جائزہ[1]

یہ معیار ان تمام اداروں کے لئے ہے جو کسی بھی مقام پر کھانے پینے کی اشیاء کی تیاری میں شامل ہوتی ہیں۔

جن عالمی معیارات سے انتظامی امور میں اسکی تیاری میں مدد لی گئی ہے وہ درج ذیل ہیں:

- ISO/IEC Guide 2, Standardization and Related Activities — General Vocabulary,
- CODEX STAN l, General standard for the labelling of Prepacked foods,
- CAC/RCP l, Recommended international code of practice general principles of food hygiene,
- CAC/RCP 58, Code of hygienic practice for meat,
- ISO 22000, Food safety management systems - Requirements for any organization in the food chain,
- ISO 22005, Traceability in the feed and food chain - General principles and basic requirements for system design and implementation.
- ISO 9001, Quality management systems — Requirements

[1] PS:3733-2016, Pakistan Standard specification for Halaal food management system requirements for any organization in the food chain (3rd revision)

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

HALAAL حلال SANHA PAKISTAN
الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 02, Plot 10-C,
2nd Commercial Lane Zamzama
D.H.A., Phase-V, Karachi-Pakistan.

اور جن عالمی معیارات سے شرعی امور میں مدد لی گئی وہ مقامی مفتیان کرام کی رہنمائی کے ساتھ ساتھ بنیادی MS 1500 ملائیشین معیار اور SMIIC کے حلال معیارات ہیں۔

**اس معیار میں دو بنیادی حصے ہیں۔** 1-شرعی احکامات بصورت معیارات 2-انتظامی معیارات

- شق نمبر 3 میں شرعی اصطلاحات کا تعارف ہے جیسے حلال، حرام، نجس، مکروہ تحریمی، تنزیہی، مشبوہ، حرام جانور، حرام پرندے، مردار، حرام مشروبات، جلالہ،، بری بحری جانوروں کی تعریفات ذکر کی گئی ہیں۔
- ذبح کی اقسام، طریقہ کار، جانوروں کے حقوق، فارم سے لے کر مذبح خانے تک کے دوران تمام مراحل، مشینی ذبیحہ، جانور کو ذبح سے پہلے کسی بھی قسم کا کرنٹ لگانا، گولی مارنا، گیس دینا جسے سٹننگ کہا جاتا ہے (Stunning) کو قطعا ممنوع قرار دیتا ہے اور یہ بھی واضح کرتا ہے کہ ایسا گوشت بھی ملک میں درآمد نہیں کیا جاسکتا۔

یہ تعریفات واحکامات شق 3 سے 9 تک ہیں، اس کے بعد شق 9 سے 13 تک انتظامی امور پر بحث ہے۔

- شق 9 تقاضہ کرتی ہے کہ کمپنی ایک حلال دستاویز مرتب کرے (Halal Manual) جس میں ادارے کی حلال سے متعلق واضح پالیسی ذکر کی جائے اور تمام ریکارڈ احلال معیار کے مطابق مرتب و محفوظ رکھے جائیں تاکہ حلال کے نظام کو یقینی بنایا جاسکے جو تیار شدہ اشیاء کے حلال ہونے کا ضامن بن سکے۔

آگے چل کر ان افراد سے متعلق شرائط ذکر کی جاتی ہیں جو اس ادارے میں حلال نظام کو فعال کرنے میں اپنا کردار انجام دیں گے جیسے حلال نظام کا ذمہ دار صرف مسلمان ہو گا اور اسے دینی بنیادی تعلیمات سے واقف ہونا ضروری ہو گا اور ساتھ ساتھ اس حلال معیار کی اس نے ٹریننگ بھی لی ہوئی ہو وغیرہ۔

- اجزاء ترکیبی کی خریداری سے پروڈکٹ کی تیاری کے مراحل سے گزرنے کے بعد سے لے کر اس کے سٹور کرنے اور ترسیل تک کے تمام مراحل میں جہاں جہاں حرمت کے خطرات پیدا ہوسکتے ہیں ان تمام ممکنات کو پہلے سے تلاش کرنا اور وقت سے پہلی اس کے لیے تدبیر بنانے کا بھی یہ معیار تقاضہ کرتا ہے جسے شرعی اصطلاح میں سد اذرائع بھی کہا جاتا ہے۔

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

SANHA HALAAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 02, Plot 10-C,
2nd Commercial Lane Zamzama
D.H.A., Phase-V, Karachi-Pakistan.

- انٹرنل آڈٹ (محتسب شعبہ کا قیام) تاکہ ادارے کی کمزوریاں کوتاہیاں سامنے آتی رہیں اور اسکی رپورٹ ٹاپ مینجمنٹ کو پیش کی جائے تاکہ وہ فوری فیصلے کرکے پروڈکٹ کی حلت پر سوالیہ نشان آنے سے پہلے وہ عیب دور کرسکیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مشہور قول ہے "اپنا احتساب کرلو قبل اس کے کہ تمہارا احتساب کیا جائے اور روز قیامت اس شخص کا احتساب ہلکاہو گا جس نے دنیامیں اپنااحتساب رکھا"[2]

یہی مقصد اس آڈٹ کا ہوتا ہے کہ ادارہ جب خود اپنے احتساب کا عمل کرتا ہے اور کمزوریاں تلاش کرتا ہے اور انہیں دور کرتا ہے توجب انکا کوئی دوسرا ادارہ آڈٹ کرتا ہے تووہ آسان ہوجاتا ہے کیونکہ اکثر کمزوریاں پہلے سے ہی دور کی جاچکی ہوتی ہیں۔

- احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے بعد ان کو دیکھتے رہنا اور ان سے ملحق مقاصد کی رسائی کو مدنظر رکھنے کا بھی یہ نظام تقاضا کرتا ہے۔
- جس مقام پر پروڈکٹ تیار کی جارہی ہے وہاں صفائی ستھرائی کو یقینی بنانے پر زور دیتا ہے، جو اہم شرعی تقاضا بھی ہے۔

حلال تصدیق شدہ مصنوعات مارکیٹ میں کس طرح رکھی جائیں کہیں ان کے برابر میں کوئی حرام یا نجس شے تو نہیں بیچی جارہی اس سے متعلق بھی ہدایات جاری کرتا ہے۔

- پروڈکٹ تیار کرنے کے بعد اسکی پیکنگ، لیبلنگ سے متعلق بھی ہدایات جاری کرتا ہے تاکہ صارف اس پروڈکٹ کو خریدنے سے پہلے اچھی طرح جان سکے کہ وہ کیاخرید رہاہے؟ وہ شے کب تیار ہوئی؟ اسکی ختم ہونے کی میعاد کب کی ہے اور اگروہ گوشت خرید رہاہے توکب ذبح ہوا، کب پیک ہوا؟ کب تک قابل استعمال ہے، کس جانور کاہے اور کون سے ادارے سے حلال تصدیق شدہ ہے یہ تمام معلومات پیکیجنگ سے متعلق دینے کا تقاضا کرتا ہے۔

حلال تصدیقی ادارے کے ذمہ ہے کہ وہ اس کمپنی کا آڈٹ کرے (احتساب) اور اس معیار کی ہر شق کو یقینی بنائے۔

---

[2] سنن الترمذي ت بشار (4/ 219)
وَيُرْوَى عَنْ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ، قَالَ: حَاسِبُوا أَنْفُسَكُمْ قَبْلَ أَنْ تُحَاسَبُوا، وَتَزَيَّنُوا لِلْعَرْضِ الأَكْبَرِ، وَإِنَّمَا يَخِفُّ الحِسَابُ يَوْمَ القِيَامَةِ عَلَى مَنْ حَاسَبَ نَفْسَهُ فِي الدُّنْيَا.

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

HALAAL حلال SANHA PAKISTAN ®
الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 02, Plot 10-C,
2nd Commercial Lane Zamzama
D.H.A., Phase-V, Karachi-Pakistan.

## PS:4992کا تعارفی جائزہ [3]

یہ معیار ان اداروں کے لئے اصول و قواعد متعین کرتا ہے جو ریاست کا معاون بن کر اور ولایت کا حق استعمال کرتے ہوئے حلال کی تصدیقات جاری کرتے ہیں۔

جن عالمی معیارات سے اسکی تیاری میں مدد لی گئی ہے وہ درج ذیل ہیں:

- ISO 9000:200 5, Quality Management Systems - Fundamentals and Vocabulary
- ISO/IEC 17000:2004, Conformity Assessment - Vocabulary and General Principles
- ISO/IEC 17021:2011, Conformity Assessment - Requirements for bodies providing audit certification of management system
- ISO/IEC 17065.2012, Conformity Assessment - Requirements for bodies certifying products, processes
- and services
- ISO 19011, Guidelines /or quality and/or environmental management systems auditing,
- ISO 22000, Food safety management systems - Requirements for any originations in the food chain,
- ISO/TS 22003, Food safe4t management systems - Requirements for bodies providing audit and certification of food safety management systems

- اس کی شق 3 اصطلاحات سے متعلق ہے جو حلال سرٹیفکیشن، معاہدہ، محتسب، ماہرین شریعت و سائنس، شریعت، سنت سے واقفیت کرواتے ہیں اس کے علاوہ ایک حلال تصدیقی ادارے کے کتنے کردار ہوتے ہیں اس پر بات کرتا ہے۔
- شق 4 غیر جانبداری، اہلیت، شفافیت، رازداری، اور ادارے کی مختلف ذمہ داریوں سے متعلق حدود و قیود سے متعلق ہے۔

اسی شق کے ماتحت چند شقیں شرعی ذمہ داری اور قانونی حیثیت سے متعلق ہیں۔

- شق 6 سے ادارتی ڈھانچے سے متعلق شرائط ہیں جن میں قابل ذکر ایک شرط یہ بھی ہے کہ حلال تصدیقی ادارہ کی ملکیت، انتظامی اختیارات اور چلانے والے مسلمان ہی ہوں۔

---

[3] PS:4992-2016(R), Pakistan Standard For Conformity Assessment - Requirements for Bodies Providing Halaal Certification (1st Revision)

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk



SANHA HALAAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 02, Plot 10-C,
2nd Commercial Lane Zamzama
D.H.A., Phase-V, Karachi-Pakistan.

یہ خصوصی شرط ڈالنے کی بنیادی وجہ شریعت کا حکم ہے۔ جسے مختصراً سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں

## حلال وحرام کا تعلق دین کے کس شعبے سے ہے:

حلال وحرام کا تعلق دیانات کے باب سے ہے۔ جیسا کہ مختلف فقہ کی مشہور کتب میں مذکور ہے۔

فَإِنَّ مِنْ الدِّيَانَاتِ الْحِلَّ وَالْحُرْمَةَ [4]

ومن الديانات الحل والحرمة [5]

أَيْ مِنْ الدِّيَانَاتِ (الْحِلُّ وَالْحُرْمَةُ ) [6]

فقہاء امت فرماتے ہیں کہ حلال وحرام کا تعلق اسلام کے سب سے نازک ترین شعبے دیانات سے ہے، جسے اردو میں دینیات بھی کہتے ہیں۔

## دیانات کیسے کہتے ہیں؟

دیانات اللہ اور اس کے بندے کے مابین خالص مذہبی بنیاد پر قائم ہونے والے حقوق کو کہتے ہیں جسے حقوق اللہ بھی کہا جاتا ہے۔

الديانات هي التي بين العبد والرب[7]

اگر ہم PS:4992 پر اجمالی نظر ڈالی تو یہ معیار اداراتی ڈھانچہ کا تعین کرتا ہے جیسے قانونی حیثیت رکھنا ضروری ہے، شخصی ادارہ یہ خدمات سرانجام نہیں دے سکتا۔ ادارے کے پاس ایسے قابل افراد کا ہونا ضروری ہے جو شرعی و تکنیکی ماہرین ہوں، آڈٹ (احتساب) کرنے والے افراد کی خود کیا تعلیم ہو، ادارے میں ذمہ داریوں کا صحیح تعین ہو اور ہر ذمہ دار اپنے شعبے میں تجربہ و تعلیم

---

[4] (الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (كتاب الحظر والباحة)

[5] (البحر الرائق شرح كنز الدقائق، فصل فی الاكل والشرب)

[6] العناية شرح الهداية (فصل فی الأكل واشرب)

[7] (الدر المختار شرح تنوير الأبصار وجامع البحار) (كتاب الحظر والباحة)

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

HALAAL حلال SANHA PAKISTAN ®
الهيئة لتو ثيق الحلال بپاکستان

SANHA HALAAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 02, Plot 10-C,
2nd Commercial Lane Zamzama
D.H.A., Phase-V, Karachi-Pakistan.

رکھتاہوں۔ ملازمین کی وقت کے ساتھ ساتھ اور بھی ٹریننگز کا اہتمام ہو تا رہے۔ ایک غیر جانب دار کمیٹی بنائی جائے جو غیر جانبدار رہ کر اس ادارے کی سالانہ سر گرمیوں پر سال میں ایک بار جمع ہو اوو مکمل رپورٹ طلب کرے۔ تا کہ ادارے کی کار کر دگی شفاف رہے۔

احتساب کا عمل کیسے ہو، کتنے دنوں پر مشتمل ہوں، کون سے افراد کس انڈسٹری کے احتساب کرنے کے اہل ہیں، احتساب کی رپورٹ کیسے بنائی ہے، اس رپورٹ کو پڑھنے اور اس کی بنیاد پر فیصلہ کرنے والے افراد کون ہوں اور کیا اہلیت رکھتے ہوں، کن بنیادوں پر ان کے حق میں فیصلہ دیا جائے کن بنیادوں پر منع کر دیا جائے، قبول ہونے کی صورت میں حلال تصدیقی ادارہ اپنالوگو (شہادت الحلال کی علامت) کیسے اور کن شرائط کے ساتھ فراہم کرے، معاہدہ ہونے کی صورت میں حلال تصدیقی ادارے اور صانع کے مابین کیا کیا حقوق محفوظ ہونگے اور انکی مکمل قانونی حیثیت ہو گی، معاہدہ کی مدت کا تعین ہو گا اور اس مدت میں کئی بار اس ادارے کا احتساب ہو گا اور بغیر اطلاع کئے بھی یہ احتساب کا عمل دہرایا جائے گا تا کہ حلال کے نظام پر واقعی عمل ہو رہا ہے اس امر کو یقینی بنایا جائے۔

مذکورہ بالا معاییر پر عمل ہو رہا ہے یا نہیں یہ ریاستی ادارہ Pakistan National Accreditation Council دیکھتا ہے اور عمل پائے جانے کی صورت میں ایک تصدیق جاری کرتا ہے اس ادارے کے حوالے سے جو عالمی طور پر قبول کی جاتی ہے اور اس ادارے کی اہلیت و قابلیت کی بھی علامت ہوتی ہے۔

ہمارے ادارے نے بھی اس مرحلے سے گزر کر ایکریڈیٹیشن حاصل کی ہے اس تجربہ کی بنیاد پر یہ ہم کہ سکتے ہیں کہ واقعی ایک بہترین نظام ہے جو اپنے اہداف حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

## خلاصہ بحث:

اس وقت پاکستان حلال کے میدان میں اترنے کی مکمل تیاری میں ہے جو عالمی تمام معیارات سے اگر زیادہ نہیں تو کم بھی نہیں، پاکستان میں وفاق میں پاکستان حلال اتھارٹی بل کی منظوری کے بعد دو صوبوں پنجاب اور کے پی کے میں بھی باقاعدہ صوبائی سطح

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

HALAAL حلال SANHA PAKISTAN
الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 02, Plot 10-C,
2nd Commercial Lane Zamzama
D.H.A., Phase-V, Karachi-Pakistan.

پر حلال اتھارٹیز کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے، بظاہر لگتا ہے آنے والے چھ ماہ میں یہ تمام ادارے فعال ہو کر اپنا اپنا کام شروع کر دیں گے جو عالمی حلال غذا کی ضرورت پوری کرنے میں کافی معاون ثابت ہو گا اور ساتھ ساتھ اپنے ملک کی معیشت میں بھی اہم کردار ادا کرنے کا ذریعہ بنے گا انشاء اللہ۔

یوسف عبد الرزاق خان

چیف ایگزیکٹو،

سنحا پاکستان

پیر،20 نومبر، 2017